DANISH HEALTH AUTHORITY

چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ

اگر آپ کی عمر 50 اور 69 سال کے درمیان ہے، تو آپ میں چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ کی جا سکتی ہے۔ اسکریننگ سے مراد ان خواتین کا معائنہ ہے جن میں چھاتی کے کینسر کی علامات نہیں ہوتیں۔ اگر چھاتی کے کینسر کا جلد پتہ چل جائے تو علاج کے بہتر مواقع موجود ہوتے ہیں۔

ڈینش ہیلتھ اتھارٹی چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ کی تجویز دیتی ہے۔ لیکن یہ بات اہم ہے کہ آپ خود فیصلہ کریں۔

آپ کو اسکریننگ میں کیوں بلایا گیا ہے؟

اگر چھاتی کے کینسر کا جلد پتہ چل جائے تو علاج کے بہتر مواقع موجود ہوتے ہیں۔ لہٰذا، آپ کو ایک معائنے کے لیے بلایا جاتا ہے اگرچہ آپ کو چھاتی کے کینسر کی کوئی علامت نہیں ہے۔

اگر آپ کی اسکریننگ کی گئی ہو تب بھی آپ میں چھاتی کا کینسر موجود ہو سکتا ہے یا پیدا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا، اگر آپ میں درج ذیل علامات ہوں تو آپ کو ہمیشہ اپنے ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے:

- ایک سخت، نہ دُکھنے والی گلٹی
- جلد یا نپل کا سکڑاؤ
- نپل سے شفاف یا خون آور مائع نکلنا
- بغل میں سوجن والی، سخت گلٹیاں

اسکریننگ کیسے کی جاتی ہے؟

اسکریننگ ایک ایکسرے ہے جو دونوں چھاتیوں کا لیا جاتا ہے (میموگرافی)۔ اگر اسکریننگ سے چھاتی کے کینسر کا شبہ نہ ہو، تو آپ کو تقریباً دو سالوں بعد ایک اور اسکریننگ کی پیشکش کی جائے گی۔

اگر اسکریننگ نشاندہی کرے کہ آپ کو چھاتی کا کینسر ہو سکتا ہے، تو آپ کو 14 دنوں کے اندر اندر آپ کے چھاتی کے مزید معائنوں کی پیشکش کی جائے گی۔

آپ کا ریجن آپ کے سوالات کا جواب دے سکتا ہے

آپ کا ریجن معائنے کے حوالے سے کسی بھی سوال کا جواب دے سکتا ہے اور بتا سکتا ہے کہ نئے معائنے کا وقت کب ہو گا۔

شمالی ڈنمارک کا ریجن

- Aalborg یا Thisted میں اسکریننگ کے لئے، فون 97665070 45+
- Frederikshavn میں اسکریننگ کے لیے، فون 97641297 45+

مرکزی ڈنمارک کا ریجن: فون 78420170 45+

جنوبی ڈنمارک کا ریجن: فون 65411603 45+

زی لینڈ کا ریجن: فون 47320820 45+

ڈنمارک کے دارلحکومت کا ریجن: فون 38671760 45+

اسکریننگ کے کیا فوائد ہیں؟

- اگر کینسر کا جلد پتہ لگ جائے تو علاج کے بہتر مواقع موجود ہوتے ہیں۔ اسکریننگ میں حصہ لے کر آپ چھاتی کے کینسر سے موت کے خطرے کو کم کر سکتی ہیں۔
- اگر کینسر کا جلد پتہ چل جائے تو اس بات کا زیادہ امکان ہوتا ہے کہ آپ کو چھاتی کو محفوظ کرنے والی سرجری کی پیشکش کی جا سکتی ہے۔ آپ اپنی بغلوں میں سے گلٹیوں کو ہٹانے سے بھی بچ سکتی ہیں۔ آپ کے لیے کیموتھراپی جیسے طبی علاج کی ضرورت کا خطرہ بھی کم ہو سکتا ہے۔

اسکریننگ کے نقصانات کیا ہیں؟

- کچھ معاملات میں، اسکریننگ سے چھاتی کے ایسے کینسر کا پتہ چل سکتا ہے جو کہ آپ کی زندگی میں آپ کو متاثر نہیں کرے گا۔ اسکریننگ میں حصہ لینے سے، آپ کو غیر ضروری – اور ممکنہ طور پر نقصان دہ – علاج وصول کرنے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔
- اگر اسکریننگ سے پتہ چلے کہ آپ کو چھاتی کا کینسر ہو سکتا ہے، تو آپ کو مزید معائنے پیش کیے جائیں گے، لیکن یہ یقینی نہیں ہو گا کہ آپ کو چھاتی کا کینسر ہے۔ مثال کے طور پر، شبہ کی وجہ معمولی تبدیلیاں یا چھاتی میں بافتوں (ٹشو) کی زیادہ مقدار ہو سکتی ہے۔ جس مدت کے دوران آپ ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہی ہوتی ہیں، وہ پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ چاہے اگر اسکریننگ سے چھاتی کے کینسر کا سراغ نہ ملا ہو، تب بھی آپ کو چھاتی کا کینسر موجود ہو سکتا ہے یا پیدا ہو سکتا ہے۔
- معائنے کے دوران کچھ خواتین کو بے چینی اور درد محسوس ہوتا ہے جب چھاتیوں کو دبایا جاتا ہے۔

آپ www.sst.dk/screening پر یا اپنے فون کے کیمرے سے **کیو آر کوڈ اسکین کر کے** چھاتی کے کینسر اور اسکریننگ کے پروگرام کے بارے میں پڑھ سکتی ہیں۔

Health for all